نوتعمیر مسجد اہل حدیث ٹوبہ تحصیل پنڈ دادنخان کی افتتاحی تقریب

نوتعمیر مسجد اہل حدیث ٹوبہ (پنڈ دادنخان) کی افتتاحی تقریب مورخہ یکم جنوری بروز جمعرات منعقد ہوئی، منتظم پروگرام حافظ عظمت صاحب نے افتتاح کیلئے رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر کو دعوت دی مگر حافظ صاحب نے اپنی طبیعت کی ناسازی کی وجہ سے نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی، مولانا سیف اللہ اور مولانا قطب شاہ کو تقریب میں شرکت کیلئے بھیجا۔ تقریب میں مذکورہ بالا علماء کرام نے مساجد کی اہمیت اور آبادی کے موضوع پر مدلل تقاریر کیں۔ اس موقع پر علوی ٹرسٹ کی طرف سے حاجی محمد شفیق (کلر کہار) و محمد شفیق (جوہر آباد) موجود تھے۔ اس پروگرام میں گردونواح سے کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ پروگرام کے آخر میں حافظ عظمت صاحب اوران کے رفقاء نے مہمانوں کی ضیافت کی۔

جامع مسجد علیا اہل حدیث سول لائن میں عظیم الشان سیرت امام الانبیاء ﷺ کانفرنس

مورخہ 7 جنوری بروز بدھ جامع مسجد علیا اہل حدیث سول لائن میں عظیم الشان سیرت امام الانبیاء ﷺ کانفرنس زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوئی۔ کانفرنس کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ حمد ونعت حافظ عبدالوہاب مدنی نے پیش کی۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق نے سرانجام دیئے۔ کانفرنس سے شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل، محقق العصر مولانا ارشاد الحق اثری اور مناظر اسلام مولانا سید سبطین شاہ نقوی نے خطاب کیا۔ اس کانفرنس میں جہلم شہر کے علاوہ دینہ، سوہاوہ، اعوان پور گھوڑہ، پوران، منڈی بہاؤالدین اور میرپور وغیرہ سے کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ آخر میں تمام شرکاء کی ضیافت کی گئی۔

جامع مسجد اہل حدیث ڈھوک صوبیدار تحصیل دینہ ضلع جہلم میں عظیم الشان توحید وسنت کانفرنس

مورخہ 12 فروری بروز جمعرات بعداز نماز مغرب جامع مسجد اہل حدیث ڈھوک صوبیدار تحصیل دینہ میں عظیم الشان توحید وسنت کانفرنس منعقد ہوئی۔ کانفرنس کا آغاز قاری عبدالقدیر مدرس اثریہ ماڈل ہائیر سیکنڈری سکول اور حافظ طلحہ رفاقت متعلم جامعہ کی تلاوت سے ہوا۔ حمد ونعت شاعر اسلام قاری محمد منشاء محمدی اور

سلیمان شاہ(متعلم جامعہ)نے پیش کی۔اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا قطب شاہ نے سرانجام دیئے۔کانفرنس سے مناظر اسلام حضرت مولانا حافظ محمد یوسف پسروری نے مفصل خطاب کیا۔پروگرام کے آخر میں شرکاء کی ضیافت کی گئی۔اس پروگرام میں جہلم،دینہ اور میرپور کے علاوہ مختلف علاقوں سے کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں تبلیغی واصلاحی پروگرام

مورخہ 8 فروری بروز اتوار بعد نماز مغرب جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں تبلیغی و اصلاحی پروگرام منعقد ہوا جس میں شیخ الحدیث حافظ محمد الیاس اثری اور حافظ محمد شفیق نے خطاب کیا۔

جامع مسجد اہل حدیث کوٹلہ آئمہ میں ماہانہ دروس قرآن وحدیث

1۔ مورخہ 31 جنوری بروز ہفتہ جامع مسجد اہل حدیث کوٹلہ آئمہ میں بعد نماز عشاء مولانا قطب شاہ نے حرمت رسولؐ کے موضوع پر درس دیا۔

2۔ مورخہ 18 فروری بروز بدھ نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی صدر اہل حدیث یوتھ فورس نے جامع مسجد اہل حدیث کوٹلہ آئمہ میں درس دیا جس میں اہل حدیث یوتھ فورس کے نوجوانوں اور دیگر احباب نے کافی تعداد میں شرکت کی۔

موضع بھاگوشاہ پور(شکریلہ)ضلع گجرات میں تبلیغی واصلاحی پروگرام

مورخہ 9 فروری بروز سوموار شام پانچ بجے موضع بھاگوشاہ پور(شکریلہ)میں حاجی عبدالمجید کی رہائش گاہ پر تبلیغی و اصلاحی پروگرام کا انعقاد کیا گیا،جس میں مولانا قطب شاہ نے سیرت النبیؐ کے موضوع پر درس دیا۔پروگرام کے آخر میں حاجی عبدالمجید اور ان کے رفقاء نے شرکاء کی ضیافت کی۔

وفیات

قاری یٰسین طہٰ مینجر ہفت روزہ''اہل حدیث''لاہور کو صدمہ

گزشتہ دنوں مینجر ہفت روزہ اہل حدیث لاہور کی ہمشیرہ محترمہ وفات پاگئیں۔انا للہ و انا الیہ راجعون.
مرحومہ صوم وصلوۃ کی پابند اور انتہائی نیک خاتون تھیں۔ان کی نماز جنازہ ان کے بھائی قاری یٰسین طہٰ نے پڑھائی۔